© rasailojaraid.com



ہم ہر نماز میں 'سیدھی صف میں 'سیدھے کھڑے ہو کر' بارگاہ الٰہی میں صراط مستقیم پر چلنے کی دعا کرتے ہیں۔

سیدھے راستے پر چلنے کے لیے :

اپنے کاموں کو سیدھا رکھنا اور زندگی کو سیدھا رکھنا ناگزیر ہے ـــــ

سوچ کا سیدھا ہونا اور نیت کا سیدھا رہنا بھی اس کا لازمی حصہ ہے ـــــ

اس کی چند خصوصیات :

۱ سیدھا راستہ صرف ایک ہوتا ہے۔ اس کی بابت کوئی دو رائے نہیں ہو سکتیں۔

۲ سیدھا راستہ صرف ایک منزل کی طرف جاتا ہے۔

۳ سیدھا راستہ نقطۂ آغاز اور نقطۂ آخر کے درمیان مختصر ترین راستہ ہوتا ہے۔

۴ سیدھے راستے پر چلنے کے لیے نظروں کا منزل پر جمے رہنا ناگزیر ہے۔

۵ سیدھے راستے پر چلنا آسان ہوتا ہے---
اس لیے کہ ایک طرف رخ کر کے مسلسل آگے بڑھنا ہوتا ہے۔

۶ راستے کے سیدھے ہونے کا سائنسی و عقلی بنیاد پر تعین کیا جا سکتا ہے۔

۷ سیدھے راستے کا تعین نقطۂ آغاز کے موقع پر ہی ضروری ہے'
'اگر آغاز میں غلطی ہو جائے تو بعد میں واپسی مشکل ہوتی ہے۔



© rasailojaraid.com